© rasailojaraid.com



# قادیانی ویب سائٹس پر توہینِ رسالت پر مبنی مواد

ڈاکٹر محمد عمر فاروق

تاریخ 26-2-2013　　　حوالہ:3

جناب چیئرمین پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی اسلام آباد

جنابِ عالی!　　　السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گزارش ہے کہ جیسے کہ پی ٹی اے نے توہین رسالت کے مواد پر مبنی ویب سائٹس کی اطلاع دینے کا سرکلر جاری کیا تھا۔اسی ضمن میں یہ معلومات پیشِ خدمت ہیں:

(۱)　جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ قادیانی اور لاہوری گروہ جسے تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ 260(3)B کے تحت غیر مسلم قرار دیا جا چکا ہے اور قادیانی و لاہوری مرزائی پاکستان کے آئین کے تحت اپنی تبلیغ نہیں کر سکتے، اسلامی شعائر کا استعمال نہیں کر سکتے اور نہ ہی وہ مرزا غلام احمد قادیانی کی کتب کی اشاعت کر سکتے ہیں۔

اِن آئینی پابندیوں کے باوجود مذکورہ دونوں غیر مسلم گروہ انٹرنیٹ پر اپنی ویب سائٹس کے ذریعے تعزیرات پاکستان کی دفعہ 295 الف میں درج توضیح اور دستور کے آرٹیکل کی شق 3 کے تحت عقیدۂ ختم نبوت کے خلاف مرزا قادیانی کی جھوٹی نبوت کی تبلیغ کے مرتکب ہو رہے ہیں جو کہ آئین کے تحت ممنوع اور قابل تعزیر جرم قرار دی جا چکی ہے۔ اُن کی درجنوں ویب سائٹس بالخصوص www.alislam.org اور www.aaiil.org پر بھاری تعداد میں توہین رسالت پر مبنی مواد موجود ہے۔

اِن تمام ویب سائٹس کے links درج ذیل ہیں:

http://www.alislam.org/affiliated-websites.php

http://aaiil.org/text/othrsite/othrsite.shtml

(۲)　جنابِ والا! www.alislam.org کا نام ہی مملکتِ پاکستان کے آئین کی خلاف ورزی کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ وہ کس طرح اسلام کے نام کو استعمال کر کے لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں۔

(۳)　ان گروہوں پر دوسروں کو تبلیغ کرنے پر پابندی ہے، مگر اُن کے رہنماؤں کی تمام تبلیغی تقریریں، روزنامہ اخبار اور



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کئی زبانوں میں جرائد اور کتب اِن سائٹوں پر موجود ہیں۔ جن کے ذریعے وہ اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کر کے لوگوں کو گمراہ کرنے میں مصروف ہیں۔

(۴) مرزا غلام احمد قادیانی کی تمام کتب کی اشاعت قانونی طور پر ممنوع ہے۔ لیکن اس آئینی پابندی کے باوجود مرزا قادیانی کی تمام کتب علیحدہ علیحدہ ناموں کے ساتھ ساتھ یکجا طور پر ''روحانی خزائن'' کے نام سے بھی اِن ویب سائٹس پر موجود ہیں۔ حالانکہ یہ تمام کتابیں توہین رسالت اور توہینِ ازواج و اصحابِ رسولؐ پر مبنی مواد سے بھری پڑی ہیں۔ ثبوت کے طور پر مرزا قادیانی کی ان کتابوں میں سے صرف مندرجہ ذیل چند حوالے ملاحظہ کیجیے:

**توہین رسالت:**

☆ ''خدا نے آج سے بیس برس پہلے ''براہین احمدیہ'' میں میرا نام محمد اور احمد رکھا ہے اور مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی وجود قرار دیا ہے۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی، ''ایک غلطی کا ازالہ''، صفحہ 8، ''روحانی خزائن''، جلد 18، صفحہ 231)

☆ ''سچا خدا وہی ہے، جس نے قادیان میں اپنا رسول بھیجا۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی، ''دافع البلاء''، صفحہ 11، ''روحانی خزائن''، جلد 18، صفحہ 231)

☆ ''میں اُس خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں، جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اُسی نے مجھے بھیجا اور میرا نام نبی رکھا۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی، ''تتمہ حقیقت الوحی''، صفحہ 68، ''روحانی خزائن''، جلد 22، صفحہ 503)

☆ ''ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نشان معجزات قریب تین ہزار کے ہیں۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی، ''تحفۂ گولڑویہ''، صفحہ 40، ''روحانی خزائن''، جلد 17، صفحہ 153)

جبکہ مرزا غلام احمد قادیانی اپنے معجزات کے بارے میں لکھتا ہے کہ

☆ ''خدا نے میری سچائی کے لیے تین لاکھ سے زیادہ آسمانی نشان ظاہر کیے۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی: ''براہین احمدیہ''، جلد 5، صفحہ 118، ''روحانی خزائن''، جلد 21، صفحہ 63)

**توہین صحابہ رضی اللہ عنہم:**

☆ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی توہین:

''میں وہی ہوں، جس کی نسبت ابن سیرین سے سوال کیا گیا کہ وہ حضرت ابوبکرؓ کے درجہ پر ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ، ابوبکر تو کیا؟ وہ تو بعض انبیاء سے بہتر ہے۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی: ''اشتہار معیار الاخیار''، صفحہ 11، ''مجموعۂ اشتہارات''، جلد 3، صفحہ 278)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی توہین:

''حضرت فاطمہؓ نے کشفی حالت میں اپنی ران پر میرا سر رکھا اور مجھے دکھایا کہ میں اُس میں سے ہوں۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی: ''ایک غلطی کا ازالہ'' صفحہ:9، ''روحانی خزائن'': جلد 18، صفحہ 213 حاشیہ)

**مسلمانوں کی تکفیر:**

☆ ''جو شخص مجھ پر ایمان نہیں رکھتا، وہ کافر ہے۔''

(مرزا غلام احمد قادیانی: ''حقیقت الوحی''، صفحہ 163، ''روحانی خزائن''، جلد 22، صفحہ: 167)

(۵) جنابِ والا! آپ نے انٹرنیٹ پر قادیانیوں کی ویب سائٹس پر موجود توہینِ رسالت اور توہین اصحاب و اولادِ رسولؐ پر مشتمل حوالہ جات ملاحظہ کیے۔ اب آپ قادیانیوں کے اِن اقدامات کے بارے میں عدالت کا فیصلہ بھی دیکھیں:

''آئین کی دفعہ 298 سی کسی قادیانی کو اس طریقہ کار اور اپنے عام طرزِ عمل کے لیے اس صورت میں سزادہی کا مستوجب قرار دیتی ہے کہ جب وہ بلاواسطہ یا بالواسطہ اپنے آپ کو مسلم ظاہر کرتا ہے، یا اپنے عقیدے کو اِسلام کہتا، یا اس کا حوالہ دیتا ہے، یا اپنے عقیدے کی تبلیغ یا نشر و اشاعت کرتا ہے، یا کسی نظر آنے والی قائم مقامی کے ذریعے یا کسی بھی اور طریقے سے مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو بھڑکاتا ہو۔''

(جسٹس امیر الملک مینگل (بلوچستان ہائیکورٹ)، پی ایل ڈی 1988 کوئٹہ)

(۶) ان بیّن شواہد کی روشنی میں مرزا قادیانی اور اُس کے ساتھیوں کی توہین رسالت پر مبنی کتب کی ویب سائٹس پر موجودگی اور مسلسل اپنے کفریہ عقائد کو اِسلام کے نام پر پیش کرنے کی جسارت نہ صرف پاکستان کے آئین کی سراسر خلاف ورزی ہے، بلکہ امت مسلمہ کے دینی عقائد کی توہین و تضحیک کے مترادف ہے اور عالم اسلام کی دل آزاری کا مسلسل باعث بھی ہے، نیز ایک اسلامی ملک میں اسلام سے کھلی دشمنی کا اظہار و اعلان ہے۔ اِس لیے جناب والا سے گزارش ہے کہ تمام قادیانی ویب سائٹس پر مستقلاً پابندی لگا کر اس کے ذمہ داروں کے خلاف از خود کارروائی کی جائے اور ناموسِ رسالت کے تحفظ کا خاطر خواہ انتظام کر کے مسلمانوں کے بنیادی حقوق کی پاسداری کی جائے۔

(۷) جناب والا! جب جولائی 2012ء میں پی ٹی اے نے www.alislam.org پر پابندی لگائی تھی تو اُس وقت PTA نے ویب سائٹ کی بندش کی وجہ یہ بیان کی تھی کہ: ''احمدی (قادیانی) پاکستانی آئین کے تحت اپنی تبلیغ کے مجاز نہیں ہیں، نیز اِس ویب سائٹ کو توہین رسالت پر مبنی مواد شائع کرنے کا ذمہ دار بھی ٹھہرایا گیا



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھا۔'' (بحوالہ "The Nation".lahore.6July 2012.) مذکورہ توہین رسالت پر مبنی مواد بغیر کسی تبدیلی کے اَب بھی ویب سائٹ پر موجود ہے اور اِس ویب سائٹ سمیت تمام قادیانی ویب سائٹس بلا جھجک اپنے تبلیغی مقاصد کے لیے استعمال کی جارہی ہیں۔

امید ہے کہ PTA فوری کارروائی کرتے ہوئے www.alislam.org اور www.aaiil.org سمیت تمام قادیانی ویب سائٹس پر پابندی عائد کر کے مسلمانوں کے عقائد اور جذبات کا احترام کرے گی۔

والسلام

ڈاکٹر محمد عمر فاروق
ڈپٹی سیکرٹری جنرل مجلس احرار اسلام پاکستان
0300-5780390
omartlg@yahoo.com

**نقل برائے اطلاع:**

- ☆ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد
- ☆ وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان، اسلام آباد
- ☆ وفاقی وزیر مذہبی امور، اسلام آباد
- ☆ سیکرٹری وفاقی وزارت مذہبی امور، اسلام آباد
- ☆ چیئرمین، پاکستان میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، اسلام آباد

☆☆☆






© rasailojaraid.com